22.08.2025

13.50 Hrs

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... آسیہ میمونہ

★ وزیراعظم نریندر مودی نے بہار کے گیا میں تقریبا 13 ہزار کروڑ روپے کی مالیت کے متعدد ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔ انھوں نے کہا کہ بہار کی ترقی، NDAحکومت کی اہم ترجیح ہے۔

★ وزیراعظم مودی نے آئین کے 130 ویں ترمیمی بل 2025 کی یہ کہتے ہوئے توثیق کی ہے کہ حکومت بدعنوانی کے خلاف قانون لے کر آئی ہے اور وزیراعظم بھی اس کے دائرے میں آتے ہیں۔

★ سپریم کورٹ نے دلی این سی آر خطے میں آوارہ کتوں کو پکڑنے اور ان کو دوسری جگہ منتقل کرنے کی اپنی جاری شدہ ہدایات میں ترمیم کی ہے۔

★ اور...... بھارت میں چین کے سفیر Xu Feihong نے امید ظاہر کی ہے کہSCO سربراہ کانفرنس میں وزیراعظم مودی کے دورے سے بھارت-چین باہمی تعلقات کو ایک نئی جہت ملے گی۔

---------------------------------

Day PM Bihar

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بہار کے گیا میں تقریباً 13 ہزار کروڑ روپے مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور اُن کا افتتاح کیا۔ اِس پروجیکٹ میں دریائے گنگا پر تقریباً 2 کلو میٹر لمبا پُل شامل ہے، جو پٹنہ ضلع میں Mokama اور بیگو سرائے کے درمیان براہ راست کنکٹی ویٹی فراہم کرے گا۔ اِس پروجیکٹ کے تحت بجلی، سڑک، صحت، شہری ترقی اور پانی سپلائی جیسے کئی شعبوں کا احاطہ بھی ہوسکے گا۔ جناب مودی نے گیا اور دلّی کے درمیان امرت بھارت ایکس پریس ٹرین اور ویشالی اور کوڈرما کے درمیان Buddhist سرکِٹ ٹرین کو بھی جھنڈی دکھا کر روانہ کیا، جو خطے میں اہم Buddhist مقامات پر سیاحت اور مذہبی سفر کو تقویت دے گا۔

وزیر اعظم نے ”پردھان منتری آواس یوجنا - گرامین“ اور ”پردھان منتری آواس یوجنا - شہری“ کے تحت 4 ہزار سے زیادہ مستفیدین اور 12 ہزار دیہی مستفیدین کی Greh پرویش تقریب کے حصے کے طور پر کُچھ مستفیدین کو علامتی طور پر چابیاں سونپیں۔

اِس موقع پر ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بہار کی تیزی سے ہونے والی ترقی مرکز میں NDA حکومت کی ایک بڑی ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج بہار میں شروع کیے گئے مختلف پروجیکٹس بہار کی صنعتوں کو مضبوط کریں گے اور نوجوانوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع فراہم کریں گے۔

آئین کے 130 ویں ترمیمی بِل 2025 کی توثیق کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ NDAحکومت بدعنوانی کے خلاف ایک قانون لائی ہے اور وزیر اعظم بھی اِس کے دائرے کے تحت آتے ہیں۔

PM - 130th CA Bill

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ آپریشن سندور نے بھارت کی دفاعی پالیسی میں ایک نئی لکیر کھینچ دی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ جب جموں و کشمیر میں پہلگام دہشت گردانہ حملہ ہوا، تو انہوں نے کہا تھا کہ دہشت گردوں کو ایسی سزا دی جائے گی جو اُن کے تصور سے باہر ہوگی۔

SB - 1400 - PM on Operation Sindoor

وزیر اعظم مودی نے کہا کہ NDA کی ڈبل اِنجن کی سرکار بہار میں ریلویز کی ترقی پر تیزی سے کام کر رہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ "امرت بھارت اسٹیشن" اسکیم کے تحت گیا ریلوے اسٹیشن کی جدید کاری کی جارہی ہے اور مسافروں کو ہوائی اڈے جیسی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔×

Gaming Bill Impact

بھارت کی سرکردہ Real Money کمپنیاں(RMC) ، جن میںDream Sports ، GamesKraft، Moblile Premier League (MPL)اور Zupee نے اپنے پلیٹ فارمز سے Real Money والے کھیلوں کو ہٹانا شروع کر دیا ہے۔ گیمنگ کمپنیوں کی یہ کارروائی حکومت کی جانب سے "آن لائن گیمنگ" کے فروغ اور ضابطوں سے متعلق بِل 2025 کو منظور کیے جانے کے بعد کی جارہی ہے۔

اِس بِل کے تحت تمام آن لائن منی گیمز پر پابندی عائد کی جاتی ہے، جہاں لوگ زیادہ رقم کے لالچ میں اپنے پیسے داؤ پر لگاتے ہیں، اِس سے قطع نظر کے وہ کھیل Skill پر مبنی ہیں یا موقع پر مبنی ہیں۔

اِس کے علاوہ، اِس بِل کے تحت حکام کو قانون کی خلاف ورزی کے شبہ میں کسی بھی جگہ کی تلاش کرنے اور کسی بھی شخص کو بغیر کسی وارنٹ کے گرفتار کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

حکومت نے اِس بِل کو بڑھتے ہوئے آن لائن منی گیمنگ کے پیش نظر متعارف کرایا ہے، جن سے لوگوں کو لت لگ رہی تھی، مالی نقصان ہو رہا تھا اور جرائم میں بھی اضافہ ہورہا تھا۔×

Sonowal Shipping Bills

بندرگاہوں، جہاز رانی اور آبی شاہراہوں کے مرکزی وزیر سربانند سونووال نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ نے مانسون اجلاس میں جو حال ہی میں ختم ہوا ہے، اجلاس میں پانچ اہم بل منظور کیے ہیں، جس نے نوآبادیاتی دور کے بحری قوانین کو پوری طرح بدل دیا ہے اور یہ سمندری معیشت کو تقویت دے گا۔ نئے بلوں کا تعلقBills of Lading 2025 ، سمندر کے راستے باربرداری سے متعلق بل 2025، ساحلی جہاز رانی سے متعلق بل 2025 اور مرچنٹ شپنگ بل 2025 اور بھارتی بندرگاہوں سے متعلق بل 2025 شامل ہیں۔

NDA MP Radhakrishana

NDAکے ارکان پارلیمنٹ کی آج نئی دلی میں میٹنگ ہوئی جس میں نئی دلی میں نائب صدر کے امیدوار CP رادھا کرشنن کی عزت افزائی کی گئی۔ مرکزی وزیر پرہلاد جوشی، منوہر لال، ارجن رام میگھوال، ہرش ملہوترا اور دلی، ہریانہ اور راجستھان کے ارکان پارلیمنٹ نے نائب صدر کے چناؤ سے قبل جناب رادھا کرشنن کے لیے اپنی نیک خواہشات پیش کیں۔ نائب صدر کا چناؤ اگلے ماہ کی 9 تاریخ کو ہوگا۔ نامزدگیوں کی جانچ پڑتال آج ہوگی۔ چناؤ کی ضرورت جگدیپ دھنکھڑ کے استعفیٰ کی وجہ سے پیش آئی ہے، جنھوں نے پچھلے ماہ صحت کی وجوہات کی بنا پر اپنا استعفیٰ پیش کردیا تھا۔ یہ 17واں نائب صدر کا چناؤ ہوگا۔ نائب صدر کا انتخاب ایک الیکٹورل کالج کے ذریعے ہوتا ہے، جو لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے ممبروں پر مشتمل ہیں۔x

SC Stray Dogs

سپریم کورٹ نے دلی NCR خطے میں آوارہ کتوں کو پکڑنے اور اُن کو دوسرے محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لیے اپنی سابقہ ہدایات میں ترمیم کی ہے۔ ایک نئے حکم نامے میں جسٹس وکرم ناتھ، جسٹس سندیپ مہتا اور جسٹس NV Anjaria پر مشتمل تین رکنی بینچ نے ہدایت دی ہے کہ جارحانہ رویہ اختیار کرنے والے کتوں اور Rabies سے متاثرہ کتوں کو چھوڑ کر باقی دوسرے آوارہ کتوں کو پکڑا جائے اور اُن کی نس بندی اور ٹیکہ کاری کے بعد انھیں اُن کے اپنے ہی علاقوں میں چھوڑ دیا جائے۔ جسٹس ناتھ کی سربراہی والی بینچ نے آوارہ کتوں کو عوامی مقامات پر کھلانے پر پابندی لگاتے ہوئے انھیں کھلانے کے لیے مخصوص مقامات بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔

اِس عمل کے دائرے کو دلی NCR خطے سے توسیع دیتے ہوئے سپریم کورٹ نے تمام ریاستی سرکاروں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی انتظامیہ سے اپیل کی ہے کہ آوارہ کتوں سے متعلق ایک ملک گیر پالیسی تشکیل دیں اور مختلف ہائی کورٹوں میں زیر التوا اسی طرح کی درخواستوں کو منتقل کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔x

Delhi Police Commissioner

سینئر آئی پی ایس آفیسر ستیش گولچا نے آج دلّی کے پولیس کمشنر کے طور پر چارج سنبھال لیا ہے۔ جناب گولچا 1992 کے بیچ کے آئی پی ایس افسر ہیں۔ مرکزی حکومت نے نئے پولیس کمشنر کی حیثیت سے کَل ستیش گولچا کا تقرر کیا تھا۔ جناب گولچا آئی پی ایس افسر SBK سنگھ کی جگہ پر آئے ہیں، جنہیں دلّی میں ہوم گارڈس کے ڈائریکٹر جنرل کے طورپر ذمہ داری دینے کے علاوہ دلّی پولیس کے کمشنر کا ایڈیشنل چارج دیا گیا تھا۔×

PM SCO Visit

بھارت میں چین کے سفیر Xu Feihong نے کَل کہا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کا SCO چوٹی کانفرنس کے لیے Tianjin کا آئندہ دورہ باہمی تعلقات کو ایک نئی جہت دے گا اور شنگھائی تعاون تنظیم کے لیے ایک اہم موقع ہوگا۔ نئی دلی میں ایک تقریب کے موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے Xu Feihong نے کہا کہ چین اور بھارت ایک مشترکہ ورکنگ گروپ اس دورے کو کامیاب بنانے کے لیے سخت محنت کر رہے ہیں۔ Xu Feihong نے نئی دلی کے لیے چین کے وزیر خارجہ Wang Yi کے حالیہ دورے کا ذکر کیا اور اس دورے کے دوران وزیراعظم مودی نے سرحد پر امن اور سکون برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا تھا اور سرحدی معاملے کو آپسی، منصفانہ اور معقول طریقے سے اِس طرح حل کرنے کے بھارت کے عزم کو دوہرایا تھا جو دونوں کو قابل قبول ہو۔

جناب Xu Feihong نے NSA اجیت دوبھال اور Wang Yi کے درمیان سرحدی معاملے پر خصوصی نمائندوں کے مذاکرات کے 24 ویں دور کی طرف توجہ مرکوز کی اور کہا کہ یہ بات چیت بہت اہم نتیجے پر پہنچی اور 10 پوائنٹ پر اتفاق ہوا۔x

J&K Rain

جموں و کشمیر میں مقامی محکمہئ موسمیات نے موسم سے متعلق تفصیلی پیش گوئی جاری کرتے ہوئے رہائشیوں کو آنے والے دنوں میں ممکنہ شدید بارش اور اچانک آنے والے سیلاب کے خطرے سے خبردار کیا ہے۔

آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ آج مرکز کے زیرِ انتظام علاقے میں موسم عموماً مرطوب رہا، تاہم کہیں کہیں ہلکی بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندا باندی بھی ہوئی۔ پیش گوئی کے مطابق آج رات جموں، ریاسی، اُدھمپور راجوری، کٹھوعہ اور سانبا میں کُچھ مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔×

Bhupender IBCA

حکومت نے، اقوام متحدہ (استحقاق اور استثنیٰ) قانون 1947 کے تحت Big Cat Alliance انٹرنیشنل، اُس کے نمائندوں اور عہدیداروں کو استحقاق اور استثنیٰ دینے کے لیے نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا میں تبدیلی کے وزیر بھوپیندر یادو نے کہا کہ اِس اہم قدم سے شیروں کے تحفظ کے لیے بین الاقوامی تعاون کو مستحکم کرنے کے بھارت کے عزم کا اعادہ ہوتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ شیروں کا تحفظ، ماحولیاتی نظام کو تحفظ فراہم کرنے اور کرہئ ارض کی بھلائی اور اُس کے تحفظ کے لیے کارگر ثابت ہوتا ہے۔x

★★★★★★★★★★★★★★★★